SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر VI مجریہ 2002
SINDH ORDINANCE NO.VI OF 2002
سندھ ایریگیشن اور ڈرینج اتھارٹی (ترمیم) آرڈیننس، 2002
THE SINDH IRRIGATION AND DRAINAGE AUTHORITY (AMENDMENT) ORDINANCE, 2002

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
1. مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
2. 1997 کے سندھ ایکٹ نمبر IV کی دفعہ4 کی ترمیم
Amendment of section 4 of Sindh Act No.IV of 1997
3. 1997 کے سندھ ایکٹ نمبرIV کی دفعہ 23 کی ترمیم
Amendment of section 23 of Sindh Act No.IV of 1997
4. 1997 کے سندھ ایکٹ نمبر IV کی دفعہ 26 کی ترمیم
Amendment of section 26 of Sindh Act No.IV of 1997

سندھ آرڈیننس نمبر VI مجریہ 2002
SINDH ORDINANCE NO.VI OF 2002
سندھ ایریگیشن اور ڈرینج اتھارٹی (ترمیم) آرڈیننس، 2002
THE SINDH IRRIGATION AND DRAINAGE AUTHORITY

(AMENDMENT) ORDINANCE, 2002

[13 فروری 2002]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ ایریگشن اور ڈرینج اتھارٹی ایکٹ، 1997 میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ ایریگیشن اور ڈرینج اتھارٹی ایکٹ، 1997 میں ترمیم کرنا ضروری ہوگیا ہے، جس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا؛

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی 14 اکتوبر 1999 والے اعلان کے تحت اور پرووِیزنل کانسٹیٹیوشن آرڈر نمبر 1 کے مطابق معطل ہے؛

اور جیسا کہ سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ صورتحال میں فوری قدم اٹھانا ضروری ہے؛

لہذا اب اس لئے مندرجہ بالا اعلان اور پرویزنل کانسٹیٹوشن کے ساتھ پڑھیں 1999 کے پرووِیزنل کانسٹیٹوشن (ترمیم) آرڈر نمبر 19 اور اس سلسلے میں ملے ہوئے تمام اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے سندھ کا گورنر بخوشی مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرماتا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

1. (1) اس آرڈیننس کو سندھ ایریگیشن اینڈ ڈرینج اتھارٹی (ترمیم) آرڈیننس، 2002 کہا جائے گا۔
(2) یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

1997 کے سندھ ایکٹ نمبر IV کی دفعہ4 کی ترمیم
Amendment of section 4 of Sindh Act No.IV of 1997

2. سندھ ایریگشن اور ڈرینج اتھارٹی، ایکٹ، 1997 میں، جس کو اس کے بعد بھی ایکٹ ہی کہا جائے گا اس کی دفعہ 4 کی ذیلی دفعہ (1) کی شق (h) کے لئے مندرجہ ذیل کو متبادل سمجھا جائے گا:

"(h) کسان تنظیموں کے پانچ نمائندے سکھر بیراج کمانڈ میں سے اور ایک گڈو بیراج کمانڈ اور ایک کوٹری بیراج کمانڈ سے، بشرطیکہ جہاں کسان تنظیمیں نہ بنائی گئی ہیں تو ایسے میمبر اتھارٹی کی طرف سے منتخب کئے جائیں گے۔	میمبرز

1997 کے سندھ ایکٹ نمبر IV کی دفعہ 23 کی ترمیم
Amendment of section 23 of Sindh Act No.IV of 1997

1997 کے سندھ ایکٹ نمبر IV کی دفعہ 26 کی

ترمیم
Amendment of section 26 of Sindh Act No.IV of 1997

3.بیان کئے گئے ایکٹ کی دفعہ 23 کی ذیلی دفعہ (2) کی شق (a) میں، لفظ ”دو“ کے لئے لفظ ”چار“ کو متبادل سمجھا جائے گا۔

4.بیان کئے گئے ایکٹ کی دفعہ 26 میں، الفاظ ”بائے لاز“ کو ختم کیا جائے گا۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔